تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشر و اشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 - 042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

**تنظیم اسلامی**
14-فروری2020ء

# پریس ریلیز

## اسلامی جماعتوں کو بے حیائی کے بڑھتے ہوئے سیلاب کے آگے بند باندھنا ہوگا

### حافظ عاکف سعید

---

لاہور (پ ر) تنظیم اِسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ شرم وحیا اسلام کے پیروکاروں کے لیے قلعہ کی مانند ہے جس میں اُن کا ایمان محفوظ رہتا ہے۔ مغرب اور ہمارے معاشرے میں اُس کی تہذیب کے دلدادہ عناصر کی یہ شدید خواہش ہے کہ اُمتِ مسلمہ میں بے حیائی کا کلچر پروان چڑھے۔ اور اسلامی معاشرے سے بھی مغربی معاشرے کی طرح شرم وحیا کا جنازہ نکلے۔ اسلامی جماعتوں اور احیائی تحریکوں کے کارکنوں کا فرض ہے کہ وہ اُن کے اِن عزائم کو ناکام بنانے کی جدوجہد کریں۔ ویلنٹائن ڈے بھی اِسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ یہ بے حیائی کو فروغ دینے کی کوشش کا ایک حصہ ہے۔ ہم ویلنٹائن ڈے منانے والوں کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ اسلامی جماعتوں کو بے حیائی کے بڑھتے ہوئے اِس سیلاب کے آگے بند باندھنا ہوگا۔

امیر تنظیم نے کہا شُنید ہے کہ افغان طالبان اور امریکہ کے مابین چند روزہ سیز فائر ہوا ہے۔ جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ امریکہ اور اُس کے حوارین بدترین ہزیمت اور شکست سے دوچار ہوئے ہیں اور وہ افغانستان سے باعزت واپسی کی راہ کے متلاشی ہیں مگر امریکہ کی تاریخ ظاہر کرتی ہے کہ وہ اپنی عیاریوں اور چالاکیوں سے باز نہیں رہ سکتا لہٰذا افغان طالبان کو چوکنا رہتے ہوئے اس معاہدے کو آگے بڑھانا ہوگا۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ امریکہ کی شاطرانہ چال میں آ کر میدان میں جیتی ہوئی جنگ مذاکرات کی میز پر ہار دی جائے۔

امیر تنظیم نے مزید کہا ہے کہ ترک سربراہ رجب طیب اردگان کے دورۂ پاکستان کا ہم دل کی گہرائیوں سے خیر مقدم کرتے ہیں اور یہ اُمید کرتے ہیں کہ اس دورے کے نتیجے میں دونوں برادر اِسلامی ممالک میں مزید قربت پیدا ہوگی۔ ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی۔ کشمیر اور انڈیا کے حوالے سے ایک مشترکہ لائحہ عمل سامنے آئے گا۔ یہ دورہ مسلم اُمہ کے لیے ہر لحاظ سے خوش آئند ہوگا۔ اُنہوں نے کہا کہ یورپ میں بڑھتے ہوئے اسلاموفوبیا کے تدارک کے حوالے سے ترکی کا مؤقف قابل تحسین ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلم اُمہ اپنے مسائل کے حل اور خلافتِ راشدہ کی طرز پر غلبۂ دین کی جدوجہد کے لیے ایک پلیٹ فارم پر یکجا ہو۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا
(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشر و اشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 14 February 2020**

## (Hafiz Aakif Saeed)

**Lahore (PR): "Islamic (religious) organizations will have to barricade and stop the ever-increasing flood of vulgarity in our society."**

The Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, has said in a statement that modesty and morality are like a fortress for Muslims that ensures the preservation and protection of their faith. The West and those elements in our society who idealize the Western civilization eagerly desire to promote and foster a culture of immodesty in the Muslim Ummah, so that the virtues of modesty and morality are extinguished from the Islamic society in the same way as they have been eradicated from the modern Western society. Hence, he remarked, it is the obligation of all members of Islamic organizations and revivalist movements to strive their utmost to defeat theseevil designs.Valentine's Day, too, is a link in the same chain. It is part and parcel of the intrigue to try and promote indecency and immorality in the society. We vehemently condemn the uncouth act of 'celebrating' Valentine's Day. Islamic (religious) organizations will have to barricade and stop the ever-increasing flood of vulgarity in our society, he remarked.

The Ameer of Tanzeem-e-Islami said that it has come to light that the US and Afghan Taliban have agreed to a 'few-day-long ceasefire', which clearly indicates that the US Occupation forces and their allies in Afghanistan have suffered a humiliating defeat and pronounced embarrassment and are now trying to find a way for an 'honorable exit' from Afghanistan. The Afghan Taliban would have to remain extremely vigilant while moving forward with this agreement, as history proves that the US never lets go of deceit and treachery. Therefore, he remarked, the Afghan Taliban would have to remain wary of the US deceptions, lest the war that has been won in the battlefield is lost on the negotiation table.

The Ameer further said that we warmly welcome the visit of Turkish President,Recep Tayyip Erdoğan, to Pakistan and expect that the two brotherly Islamic countries would further enhance closeness as a result of this visit and new avenues of development would emerge.A common strategy would surface regarding the issues of Occupied Kashmir and India. This visit is a pleasant occurrence for the Muslim Ummah in every possible way, he added. The stance of Turkey regarding countering the increasing menace of Islamophobia in Europe is commendable, he noted. He concluded by remarking that the need of the hour is that the Muslim Ummah becomes united for solving their problems and striving for making the Deen (Islam) prevalent over all rivals, on the lines of the Khilafat-e-Rashida,from a common platform.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**